## سوال

غائبانہ نمازجنازہ کی تحقیق

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نجاشی کے غائبانہ جنازہ کے علاوہ اور مسلمانوں (صحابہ) کے غائبانہ جنازہ کے حوالہ جات تحریر کریں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نجاشی کے غائبانہ جنازہ والی حدیث کے علاوہ غائبانہ جنازہ کی احادیث پیش کرنے کی ضرورت تب ہے جب نجاشی کے جنازہ والی حدیث ثابت نہ ہو یا اس سے غائبانہ نمازجنازہ ثابت نہ ہوتی ہو تو جب نجاشی کے غائبانہ نمازجنازہ والی حدیث ثابت ہے ۔بخاری ومسلم میں بھی موجود ہے اور اس سے غائبانہ نمازجنازہ بھی ثابت ہو رہی ہے تو عمل کے لیے تو اتنا ہی کافی ہے اس کے علاوہ احادیث پیش کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

جنازے کے مسائل ج1ص256